Posted On Kitab Nagri




کتاب نگری

www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

اسلام علیکم !

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، آرٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

Posted On Kitab Nagri

# پچھتاوا

## زویافاطمہ

بھائی اٹھے نہ جلدی مجھے یونیورسٹی کے لیے دیر ہو رہی ہے،،،

جیا کب سے اپنے بھائی کو اٹھانے کی کوشش کر رہی تھی جو آج اٹھنے کا نام ہی نہیں لے رہا تھا،،

صحیح ہے مت اٹھے میں اکیلے ہی چلی جاتی ہو پھر اگر راستے میں کسی نے مجھے کڈنیپ کر لیا نہ تو روتے مت رہیے گا،،،، ہم کیوں رونے لگ گئے بلکے ہم تو شکر کرے گے کے چڑیل سے جان چھوٹی،،

جیا جو یہ سمجھ رہی تھی کے اب اسکا بھائی جلدی سے اٹھے گا اور کہے گا چپ کرپگلی ایسا نہیں بولتے چلو میں تمہیں چھوڑ کر آتا ہو یونیورسٹی، پر افسوس یہ بھی اسی کا بھائی تھا،،،

Posted On Kitab Nagri

تھوڑی دیر وہی کھڑی انتظار کرنے کے بعد جیا پانی کا جگ اٹھاتی سارا پانی اسکے اوپر ڈال دیتی ہے،،اسی چُلو بھر پانی میں ڈوب مرو تم جا رہی ہو میں اکیلی،

یہ کہتے وہ پیر پٹک کر باہر چلی جاتی ہے پر جاتے جاتے کمرے کا دروازہ زور سے بند کرنا نہیں بھولتی،،،،

پاگل لڑکی،،، عمیر اسکی معصوم ہی حرکت پر ہنستے ہوئے بول کر جلدی سے واش روم چلا جاتا ہے،،،

***********

مما میں یونی جا رہی ہو،،،جیا نیچے آتے اپنی ماں سے کہتی ہے،،

کسکے ساتھ جا رہی ہو؟،،،،اپنے نامعلوم شوہر کے ساتھ،،،

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اپنی ماں کی بات پر جیا تپ کر جواب دیتی ہے جس پر اوپر سے آتے عمیر کا قہقہہ بے ساختہ بلند ہوتا ہے،،،

میری پیاری سوتیلی ماں اپنے اس سگے بیٹے کو سمجھا لے کے مجھ سے دور رہے ورنہ اپنی ایک آدھ ہڈی سے ہاتھ دھو بیٹھے گا،،،غصے میں اپنی ماں کو بول وہ گھر سے باہر نکل جاتی ہے،،

Posted On Kitab Nagri

اب کیا کیا ہے اسکو،،،، کچھ نہیں مما بس ایسے ہی ناراض ہو گئی ہے چلے میں اب جاتا ہوں کہی سچ میں اکیلی نہ چلی جائے،،،

عمیر اپنی ماں کا ماتھا چوم کر باہر نکل جاتا ہے،،،

اللّٰہ میرے دونوں بچوں کی ہمیشہ حفاظت کرنا،، دروازے کو مسکراتے ہوئے دیکھتے وہ اللّٰہ سے دعا کرتی اپنے کام میں لگ جاتی ہے،،،

***********

جیا کی بچی اتنی دیر کر دی آنے میں جلدی نہیں آسکتی،، ہادی زین اور فرواجو کب سے گیٹ پر جیا کا انتظار کر رہے تھے اسے دیکھتے غصے سے اسکی جانب بڑتے ہے،،

ہاں تو آجایا کرو نہ روز مجھے پک کرنے،،، ہاں ہم تو جیسے فارغ لوگ ہیں نہ،،، نہیں نہیں تم لوگوں کی تو فیکٹریاں چل رہی ہے نہ جو تم لوگوں کے نہ جانے سے بند ہو جائے گی،،،

Posted On Kitab Nagri

بسسسسسسسسس اب ایک لفظ مزید مت بولنا تم دونوں وہاں کلاس میں سر ہماری بینڈ بجانے کے انتظار میں ہوگے اور تم لوگوں کی اپنی ہی بحث ختم نہیں ہوتی چلو اب کلاس میں،،،،ہادی اور جیا کی نہ ختم ہونے والی بحث سن زین غصے سے بولتے کلاس کی طرف چلا جاتا ہے تو باقی سب بھی منہ بند کیے اسکے پیچھے جاتے ہیں،،،

سر ہم اندر آجائے،،،جی جی آجائے آپ چاروں کا ہی انتظار ہو رہا تھا،،سوری سر ہمیں دیر ہوگئی،،،کوئی نئی بات کرے دیر تو آپکو روز ہی ہو جاتی ہے،،،،بس سر ہم کیا کرے مجبوری ہے،،،ایسی کونسی مجبوری ہے جو آپکو وقت پر کلاس میں نہیں آنے دیتی،،،سر میرا شوہر ہے سب سے بڑی مجبوری،،،

سر جو کب سے جیا پر طنز کر رہے تھے اسکی آخری بات پر ٹھٹھک جاتے ہیں پوری کلاس ہی جیا کو حیرانی سے دیکھ رہی تھی اور وہ رونے والی شکل بنائے سر کو دیکھ رہی تھی،،،

کیا مطلب آپکے شوہر کیا آپ شادی شدہ ہے؟،،،سر کے سوال پر جیا زور زور سے رونا شروع کر دیتی ہے جس پر سر کے ساتھ ساتھ باقی سب بھی بوکھلا جاتے ہیں،،،،

Posted On Kitab Nagri

کو۔۔ کچھ م۔۔۔مت پو۔۔۔چھے۔۔ س۔۔۔ سر،،،جیا روتے ہوئے اٹک اٹک کر بولتی سب کو پریشان کر دیتی ہے سب سے زیادہ پریشان تو وہ تینوں ہو گئے تھے کے آخر جیا کو کیا ہو گیا اور اسکا شوہر کہا سے آگیا،،،

اوکے اوکے میں نہیں پوچھتا آپ پلیز اپنی سیٹ پر بیٹھ جائے اور رونا بند کرے،،،، نہیں سر اب آپنے پوچھ ہی لیا ہے تو میں بتا دیتی ہو اصل میں میرے گھر والوں نے زبردستی میری شادی ایک بڈھے سے کروادی ہے جو روز مجھسے کام کروا کروا کر یونی سے دیر کروادیتا ہے اسلیے میں روز دیر ہو جاتی ہو اور میرے دوست اتنے اچھے ہے کے میرے بغیر کلاس میں آتے ہی نہیں اسلیے میرا انتظار کرتے کرتے وہ بھی لیٹ ہو جاتے ہیں آپ پلیز ہمیں معاف کر دے،،،

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

جیا اپنی دکھ بھری کہانی سناتے ہوئے پھر سے رونے لگ جاتی ہے جب کے وہ تینوں کبھی اسے تو کبھی ایک دوسرے کو منہ کھولے دیکھتے ہیں،،،

اوکے اوکے بیٹا آپ پلیز روئے مت اور آپکے شوہر اور گھر والوں سے ہم بات کرے گے ایسے کیسے کر سکتے ہیں وہ،،،، نہیں نہیں سر اب جو بھی ہے یہی میرا نصیب ہے میں خوش ہو آپ بس ہمارے لیٹ

Posted On Kitab Nagri

آنے پر ہمیں معاف کر دے ہم آئندہ جلدی آنے کی کوشش کرے گے،،،کوئی بات نہیں بچے میں آج سے نہیں کہوں گا کجھ آپ سب بیٹھ جائے سیٹ پر،،،، شکریہ سر،،

سر کا شکریہ ادا کرتے جیا اپنی سیٹ پر بیٹھ جاتی ہے پر اسکے بیٹھتے ہی سر کی کلاس ختم ہو جاتی ہے تو سر کلاس سے چلے جاتے ہیں پیچھے جیا اپنی ہنسی بمشکل روکتی ہے،،،

جیا چلو کینٹین چلتے ہے،،،فروا اسے گھورتے ہوئے بولتی اسکا ہاتھ پکڑے کینٹین کی طرف چلی جاتی ہے،،،

کیا تھا یہ سب اور یہ شوہر کہاں سے آگیا تمہارا؟،،فروا غصے سے اسکا ہاتھ چھوڑ کر بولتی ہے زین اور ہادی بھی انکے پاس آگئے تھے،،،

وہ تو میں نے بس روز روز کی اس ڈانٹ سے بچنے کیلئے بہانہ بنایا تھا،،، بہانہ؟ یہ بہانہ تھا تمہارے لیے میرا تو دل کر رہا ہے ایک رکھ کر لگاؤں تمہیں،،،

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

ہادی جو پہلے ہی تپا ہوا بیٹھا تھا اسکی بہانے والی بات سن غصے سے چیختا ہے،،،

ہادی ریلیکس یہ گھر نہیں ہے اپنی پرسنل باتوں کو گھر تک ہی محدود رکھو،،،

زین سب کو اپنی طرف مُتوجہ دیکھ سختی سے ہادی کو بولتا سب کو باہر چلنے کو بولتا ہے،،،

یار سوری نہ غلطی ہو گئی آگے سے نہیں کروں گی ایسا کچھ پکا،،،

جیا کب سے سب کو منانے کی کوشش کر رہی تھی جو کب سے منہ پھولائے بیٹھے تھا،،،

یار کیا ہے ایک تو میں نے تم سب کو سر کی روز روز کی ڈانٹ سے بچایا اور تم لوگ میرا احسان ماننے کے بجائے مجھ سے نراض ہو رہے ہو،،،

جیا اب کے چڑ کر کہتی خود بھی منہ پھولا کر بیٹھ جاتی ہے،،،

Posted On Kitab Nagri

ہاں تو دیر بھی روز تمہاری وجہ سے ہی ہوتی ہے ورنہ ہم تینوں تو وقت پر پہنچ جاتے ہیں،،،

زین کی بات پر جیا کا منہ کھل جاتا ہے،،،

ہاں تو چلے جایا کرو کلاس میں مت کیا کرو میرا ویٹ،،،

جیا منہ پھولائے وہاں سے چلی جاتی ہے،،،

*********

جیا ایک مڈل کلاس فیملی سے تعلق رکھنے والی لڑکی تھی اسکے والد اسکی پیدائش سے پہلے ہی وفات کر گئے تھے اور اسکا دو سال بڑھا ایک ہی بھائی تھا عمیر،،،

جیا کے والد اپنے ماں باپ کے اکلوتے بیٹے تھے اسلیے اسکی وفات کے بعد جیا عمیر اور انکی ماں جیا کے دادا دادی کے ساتھ ہی رہتے تھے،اسکے دادا ایک سرکاری ملازم تھے اور انکی تنخواہ سے سارا گھر بہت اچھے سے چلتا تھا پر کچھ عرصہ پہلے ہی اسکے دادا کی بھی وفات ہو گئی جس کی وجہ سے عمیر کو اپنی پڑھائی ادھوری چھوڑ کر دکان سمبھالنی پڑی جو اسکے دادا اپنی زندگی میں ہی عمیر کے لیے بنا کر گئے تھے،،،

Posted On Kitab Nagri

جیافرواوراور زین دور کے کزنزاور محلے دار ہونے کے ساتھ بچپن سے بہت اچھے دوست بھی تھے جب کے ہادی سے انکی دوستی یونیورسٹی میں ہوئی تھی اس سے پہلے اسکی زین سے صرف ہیلوہائے ہوتی تھی پر اب یہ ہیلوہائے باقاعدہ پکی دوستی میں بدل گئی تھی،،،

***********

اوئے اب تم کیوں منہ پھولا کر بیٹھ گئی،،،،

جیاجو وہاں سے اٹھ کر ایک کونے میں منہ پھولائے بیٹھی تھی ہادی کے پوچھنے پر اپنارخ موڑ کر نراضگی کا اظہار کرتی ہے،،،

میں نراض ہو مجھ سے بات مت کرو،،،،

جیامنہ بناتے ہوئے بول اٹھ کر جانے لگتی ہے کے ہادی کے ہاتھ پکڑنے پر جھٹکے سے پیچھے مڑتی اپناہاتھ چھڑاتی ہے،،،،

ہادی پلیز آج توہاتھ پکڑ لیاپر آئندہ مت پکڑنا مجھے بلکل اچھانہیں لگتا کوئی میراہاتھ پکڑے،،،

جیاسرد لہجے میں بول کر وہاں سے چلی جاتی ہے ہادی بھی اسکے پیچھے پیچھے ہی چلاجاتاہے،،،

اچھایار سوری دوبارہ نہیں پکڑوگا پر پلیز نراض تومت ہو،،،

ہادی اسکے پیچھے پیچھے چلتابولتاہے،،،

Posted On Kitab Nagri

نہیں ہو میں نراض اور ہو بھی نہیں سکتی تم جانتے ہو یہ بات،،،

جیا ایک پل کو رک کر اسکی آنکھوں میں دیکھ بولتی پھر سے چلنے لگتی ہے،،،

جانتا ہوں تم مجھ سے نراض نہیں ہو سکتی اور اگر ہو بھی گئی تو میں ہو نہ منانے کے لئے،،،

ہادی کی بات سن جیا کے چہرے پر مسکراہٹ آجاتی ہے،،،

پتا ہے اب تم میرے پیچھے پیچھے مت آؤ لوگ عجیب نظروں سے دیکھ رہے ہیں،،

جیا کی بات سن ہادی ادھر اُدھر دیکھتا ہے جہاں سچ میں یونیورسٹی کے سارے لوگ انھے ہی گھور گھور کر دیکھ رہے تھے جیسے وہ کوئی اور ہی مخلوق ہو،،،

ہاں تو دیکھنے دو مجھے کیا مجھے تو صرف تم سے مطلب ہے اور کسی سے نہیں،،،

ہادی کی بات پر جیا اسے گھور کر دیکھتی ہے،،،

تو پھر بیجھ دو میرے گھر رشتہ پھر چاہے جتنا آگے پیچھے گھومنا کوئی ایسے نہیں دیکھ گا،،،

جیا کی بات پر ہادی چپ ہو جاتا ہے جسے جیا بہت اچھے سے نوٹ کرتی ہے،،

یار پہلے پڑھائی تو مکمل ہونے دو پھر بیجھ دو گا رشتہ بھی اتنی جلدی کیا ہے،،،

ہادی کی بات پر جیا لمبی سانس لیتی ٹھیک ہے بول کر چلی جاتی ہے اس بار ہادی بھی اسکے پیچھے نہیں جاتا،،

***********

کیا ہوا جیو ایسے کیوں بیٹھی ہو؟،،،

Posted On Kitab Nagri

جیاشام کو گھر کی چت پر بیٹھی کسی گہری سوچ میں ڈوبی ہوئی تھی جب فروااسکے پاس بیٹھتے پوچھتی ہے،،،

ہا۔۔ں۔۔۔تم کب آئی؟،،،جب تم کسی کی یادوں میں کھوئی ہوئی تھی تب،،،

جیاکے بوکھلا کر پوچھنے پر فرواشرارت سے کہتی ہے پر جیا کو سنجیدہ دیکھ وہ بھی سنجیدہ ہو جاتی ہے،،،

کیاہواجیاکوئی مسلہ ہے کیا؟،،،،

نہیں یار مسلہ کوئی نہیں ہے بس سمجھ نہیں آرہا کچھ،ایک سال ہو گیا ہے مجھے اور ہادی کو لیکن اس سال میں جب بھی میں اس سے رشتے کی بات کرتی ہو وہ بات کو گھما دیتا ہے سمجھ نہیں آتاوہ چاہتا کیا ہے،،،،

جیابے بسی سے کہتی ہے،،،

توتم اس سے بات کرو نہ کے وہ کیا چاہتا ہے اس سے کہو کے اگر وہ تم سے سچ میں محبت کرتا ہے تو رشتہ لیکے آجائے ورنہ چھوڑدے تمہیں،،،

فرواکے مشورے پر جیااسے ایک عدد گھوری سے نوازتی ہے،،،

بیٹابولنا آسان ہے پر یہ تم بھی جانتی ہواب میں اسے چھوڑ نہیں سکتی میں نہیں رہ سکتی اس کے بغیر،،،

جیاکی بات سن فرواغصے سے اسے تھپڑ مارتی ہے،،،

یہ جو بکواس ہے نہ صرف میرے سامنے کرتی ہو تو ٹھیک ہے پر کسی اور خاص کر ہادی کے سامنے مت کیا کر،،،

Posted On Kitab Nagri

کیوں بھئی؟اچھا ہے نہ اس کے سامنے کروگی تبھی تو اسے پتا چلے گا کے میرے لیے وہ کیا اہمیت رکھتا ہے،،،،

جیا کی بات سن فروا اپنا ماتھا پیٹتی ہے،،،

میری پاگل سی دوست ایک بات ہمیشہ یاد رکھنا کبھی بھی کسی کو یہ بات ظاہر مت کروانا کے وہ تمہارے لیے کتنا اہم ہے اور تم اسکے بغیر نہیں رہ سکتے کیوں کے جب اگلے انسان کو یہ پتا چل جائے نہ کے وہ کچھ بھی کرے تم اسے چھوڑ نہیں سکتی تو وہ تمہیں اور تکلیف دیگا اور دوسری بات کبھی بھی جانے والے کو روکنا مت اور نہ اپنی محبت کی بھیک مانگنا کیوں کے جو محبت اپنی عزت ے نفس کو مار کر ملے نہ ایسی محبت سے محبت کا مر جانا بہتر ہے کبھی بھی محبت کو عزت پر فوکیعت مت دینا،،

فروا ایک مخلص دوست کی طرح اسے سمجھا رہی تھی جو جیا سمجھ بھی رہی تھی پر اب وقت نے بتانا ہے کے وہ ان ساری باتوں پر عمل کرے گی یا ایک کان سے سن کر دوسرے سے نکال دیگی،،

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

************

جیا میری شرٹ پریس کردو جلدی مجھے ایک ضروری کام سے جانا ہے،،

عمیر اسکے منہ پر شرط پھینک کر بولتا ہے اور جیا جو اپنا ضروری اسائیمینٹ بنانے میں مصروف تھی اسکی حرکت پر غصے دے پیچ وتاب کھاتی ہے،،

میں نہیں کروگی خود جاکے کرلو مجھے کام ہے بہت،،

Posted On Kitab Nagri

جیا غصے سے بولتی اپنے کام میں لگ جاتی ہے،،،

جیا پلیز دیکھو میری اچھی بہن ہو نہ تم اپنے بھائی کی اتنی سی بات نہیں مانو گی،،،

کام پڑنے پر عمیر کے مسکے دیکھ جیا اسے گھورتی ہے،،،

جتنے مسکے لگانے ہے لگا لو میں نے پھر بھی پریس نہیں کرنی اگر پیار سے آکر بولتے کے جیا میری شرٹ پریس کردو تو شاید کر بھی دیتی پر اس شرٹ منہ پر مارنے والی حرکت کے بعد بلکل بھی نہیں کر کے دینی میں نے پریس،،،

جیا اسے صاف ہری جھنڈی دکھاتی ہے،،

یار پلیز ابھی کردو نہ پھر پکا جب میری بیوی آجائے گی تو اس سے کروالو گا،،،

عمیر کی بات سن جیا کی ہنسی نکل جاتی ہے،،،

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

Posted On Kitab Nagri
knofficial9@gmail.com
آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔
Fb/Pg/Kitab Nagri
knofficial9@gmail.com
whatsapp _ 0335 7500595

تم۔۔۔تمہاری ش۔۔۔شادی ہاہاہا تمہیں لڑکی دے۔۔۔دیگا کون ؟،،،

جیا اپنا پیٹ پکڑ کر ہنستی ہوئی بولتی ہے،،،

بھاڑ میں جاؤ مت کرکے دو پریس میں خود ہی کر لیتا ہوا می گھر پر ہوتی تو تمہیں نہ بولنا پڑتا،،

عمیر بھی غصے میں بولتا چلا جاتا ہے پیچھے جیا بھی سارے بکس کو سائیڈ میں کرتی اٹھ کر اسکے پاس جاتی ہے،،

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ان دونوں کا رشتہ ایسا ہی تھا پہلے لڑنا جھگڑنا ایک دوسرے کو تنگ کرکے غصہ دلانا پر ان دونوں میں بہت پیار بھی تھا،،

Posted On Kitab Nagri

زین ادھر آؤ بات سنو میری،،زین جو ابھی باہر جارہا تھا اپنی ماں کی آواز پر انکے پاس جاتا ہے،،،جی امی،،،ادھر بیٹھو مجھے کچھ بات کرنی ہے تم سے،،،جی امی بولے،،،بیٹا تمہیں جیا کیسی لگتی ہے؟،،کیا مطلب امی؟،،زین اپنی ماں کی بات پر الجھ کر ان سے پوچھتا ہے،،،میرا مطلب بیٹا آپ اور جیا بچپن کے دوست ہو تو میں سوچ رہی تھی اگر تم دونوں کا رشتہ کردے تو کیسا رہے گا،،،؟

کیاااا۔۔امی ری۔۔شتہ،،،،

زین حیرت سے اپنی ماں کو دیکھتا ہے،،

اب میں نے ایسا کیا کہ دیا جو تم ایسے حیران ہورہے ہو؟،،،

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

زین کی ماں نراضگی سے پوچھتی ہے،،،

امی آپ نے کچھ غلط نہیں کہا پر ابھی ہم دونوں پڑھ رہے ہیں پڑھائی مکمل ہوجائے پھر دیکھے گے،،،

Posted On Kitab Nagri

زین آرام سے اپنی ماں کو سمجھاتا ہے جب کے وہ اٹھے یہ نہ کہ سکا کے بچپن سے جیا کے ساتھ رہنے کے باوجود وہ کبھی جیا کو نظر آیا ہی نہیں،،

ارہے تو ہم کونسا تیری شادی کروا رہے ہیں بس منگنی ہی کروائے گے شادی بعد میں کر لیگے نہ،،،

زین کی ماں پھر سے اسے سمجھانے کی کوشش کرتی ہے،،،

امی آپکو اتنی جلدی کس چیز کی ہے پہلے اپنی بیٹی کی فکر کرے اسکی شادی کروائے پھر میرا دیکھیے گا،،،

زین غصے سے بول کر گھر سے باہر چلا جاتا ہے،،

*********

کیا ہوا تیرا منہ کیوں بنا ہوا ہے،،،

صبح چاروں یونیورسٹی کی کینٹین میں بیٹھے تھے کے جیا نے زین کا بنا ہوا منہ دیکھ پوچھا،،

Posted On Kitab Nagri

کچھ نہیں بس ویسے ہی،،،

زین ایک نظر جیا کو دیکھ بتاتا ہے،،،

ہادی جیا یار ا گر برا نہ مانو تو ایک بات کہوں،،،

زین ان دونوں کو دیکھ پوچھتا ہے،،،

یار دوستوں میں برا نہیں منایا جاتا بول کیا بولنا ہے،،،

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ہادی مسکراتے ہوئے اسے بولتا ہے،،،

یار اگر تم دونوں ایک دوسرے کے ساتھ سیریس ہو تو اپنے گھر والوں کو سب بتا کیوں نہیں دیتے،،،

Posted On Kitab Nagri

زین کی بات پر جیا ہادی کو دیکھتی ہے جس کے چہرے سے زین کی بات سن کر مسکراہٹ ختم ہوگئی تھی،،،

یار اب---ابھی ہم لوگ پڑھ رہے ہیں اتنی جلدی کیا ہے،،

ہادی ان لوگوں سے نظریں چرا کر بولتا ہے،،،

یار سمجھنے کی کوشش کر کل امی نے مجھ سے جیا اور میرے رشتے کی بات کی تھی انکو تو ابھی ٹال آیا ہوں پر اب جیا چھوٹی بچی نہیں ہے اسکے گھر والے بھی اب اسکی شادی کا سوچ رہے ہونگے اسلیے بہتر یہی ہوگا کے تو اپنے گھر والوں کو بیج دے،،،

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

زین کس ضبط سے یہ سب کہہ رہا تھا یہ اس سے بہتر اور کوئی نہیں جان سکتا تھا جس لڑکی کو بچپن سے چاہا آج اسکے لیے ہی کسی اور لڑکے کو رشتہ بیجھنے کا بول اسے اپنا دم گھٹتا ہوا محسوس ہو رہا تھا،،،

ہاں ہادی زین صحیح بول رہا ہے اگر تم واقعی جیا کو چاہتے ہو تو رشتہ بیجنے میں کیا حرج ہے،،،

Posted On Kitab Nagri

اب کے فروا بھی گفتگو میں حصہ لیتی ہے،،،

یار میں ابھی نہیں بیج سکتا رشتہ سمجھنے کی کوشش کرو مجھے کچھ وقت دو،،،

ہادی بول کر اپنی نظریں جھکا لیتا ہے،،،

چھوڑدو یار تم دونوں میں کر لو گی انتظار،،،

جیا انکو بول کر اپنا بیگ اٹھا کر چلی جاتی ہے،،

*********

کیا ہوا امی ایسے کیوں بیٹھی ہیں،،

عمیر اپنی ماں کو گم سم دیکھ پوچھتا ہے،،،

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

بیٹاوہ آج کچھ مہمان آئے تھے جیا کے رشتے کے لیے،،،

تو اس میں پریشانی کی کیا بات ہے امی؟

پریشان نہیں ہوں بیٹا بس سوچ رہی ہوں کے جیا کا رشتہ کر دیتے ہیں ہمارے بعد اسکا ہیں ہی کون مجھے بہت پریشانی لگی رہتی ہے جیا کی،،،

ہاں امی آپ ٹھیک کہہ رہی ہیں لیکن ابھی جیا پڑھ رہی ہے،،

تو بیٹا شادی کے بعد پڑھ لیگی رشتہ دیکھنے میں بھی تو وقت لگتا ہے اب ایسے ہی تو کسی کو اپنی بیٹی نہیں سونپ دیگے نہ،،،

ٹھیک ہے امی دیکھتے ہیں پہلے جیا سے بھی تو پوچھ لے کیا پتا وہ کسی کو پسند،،،، نہیں میری جیا ایسی نہیں ہے،،

Posted On Kitab Nagri

عمیر کی بات پوری ہونے سے پہلے ہی اسکی ماں اسے بیچ میں ٹوک کر بہت مان سے کہتی ہے،،

اچھا ٹھیک ہے میری ماں دیکھتے ہیں پہلے آپ مجھے کھانا دیدے اور تھوڑی ٹینشن اپنے اس بیچارے بیٹے کی بھی کردے عمر نکلی جا رہی ہے میری،،،

عمیر منہ بناتا بولتا ہے جب کے اسکی ایکٹنگ پر اسکی ماں ہنستے ہوئے اسے ایک چپٹ لگاتی کھانا گرم کرنے چلی جاتی ہے،،،،

********

جیا چل رہی ہو بازار یا میں اکیلی جاؤ؟

فروا جیا کے گھر آتے دھمکی دینے والے انداز میں پوچھتی ہے،،،

چل رہی ہوں چل رہی ہوں مروت،،

Posted On Kitab Nagri

جیا غصے میں بول کر اپنی چادر لینے چلی جاتی ہے اور تھوڑی دیر میں وہ دونوں اپنی ماں کو بتاتی بازار کے لیے نکل جاتی ہے،،

فروا وہ دیکھ پا۔۔ن۔۔۔،،،،

جیا جو پانی پوری کو دیکھ جوش سے فروا کو بتانے لگی تھی۔وہاں پر تھوڑی دور ہادی کو کسی لڑکی کے ساتھ دیکھ الفاظ منہ میں ہی رہ گئے،،،

جیا یہ ہادی کے ساتھ لڑکی کون ہے،،،

فروا کی بھی نظر ہادی پر پڑھ گئی تھی تو وہ جیا سے پوچھتی ہے،،،

پتا نہیں شاید اسکی بہن ہو چلو چلتے ہے بہت دیر ہو گئی ہے امی پریشان ہو رہی ہو گی،،،

Posted On Kitab Nagri

جیا فروا کا ہاتھ پکڑے وہاں سے لے جاتی ہے پر اسکا دماغ ابھی بھی ہادی اور اس لڑکی پر ہی اٹکا ہوا تھا وہ جانتی تھی یہ اسکی بہن نہیں ہے کیوں کے اس نے ہادی کی بہن کو دیکھا ہوا ہے پر یہ تھی کون؟ یہ سوال وہ صبح ہادی سے پوچھنے کا ارادہ کرتی اپنے گھر چلی جاتی ہے،،،

********

صبح یونیورسٹی پہنچتے ہی جیا ہادی کو ڈھونڈتی ہے آج وہ جلدی ہی یونیورسٹی آگئی تھی کیوں کے اسے ہادی سے بات کرنی تھی،،،

زین ہادی کہاں ہے؟

جیا کلاس میں آکے زین سے پوچھتی ہے جو فروا کے ساتھ کوئی نوٹس بنا رہا تھا کے اسکے سوال پر اسے دیکھتا ہے،،،

مجھے نہیں پتا شاید آج وہ آیا ہی نہیں ہے،،،

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

زین کے جواب پر جیا حیران رہ جاتی ہے کیوں کے ہادی اسے بتائے بغیر کبھی چھٹی نہیں کرتا تھا،،

کیا ہوا سب ٹھیک ہے نہ؟،،،

زین اسے گم سم دیکھ پوچھتا ہے جس پر وہ ہاں میں سر ہلاتے کلاس سے باہر چلی جاتی ہے پیچھے وہ دونوں اسکے رویے پر نہ سمجھی سے ایک دوسرے کو دیکھ کندھے اچکا دیتے ہے،،،

ہیلو ہادی کہاں ہو تم اور آج یونیورسٹی کیوں نہیں آئے ہو؟،،،

جیا ہادی کو کال کرتے پوچھتی ہے،،،

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یار سوری میں تمہیں بتانا بھول گیا تھا میری کزن کی شادی ہے اسلیے میں کچھ دن شہر سے باہر گیا ہوا ہو یونیورسٹی سے لیولی ہے،،،

کیا تم شہر سے باہر چلے گئے اور مجھے بتایا بھی نہیں؟

Posted On Kitab Nagri

جیاہادی کی بات پر غصے سے کہتی ہے،،،

کیاہو گیاہے جیااب میں ہر چیز تم سے پوچھ کر تھوڑی کروگا میری اپنی بھی کوئی لائف ہے،،،

اب کے ہادی بھی غصہ کرتا ہے،،،

ٹھیک ہے پھر جیواپنی زندگی آگے سے مجھ سے بات مت کرنا،،

جیاغصے میں بول کر کال کاٹ دیتی ہے جب کے دوسری طرف ہادی حیرت سے فون کو دیکھتا ہے کے یہ جیاہی بات کر رہی تھی کے کوئی اور کیوں کے جیا کبھی ہادی سے ایسے بات نہیں کرتی،،،

اسلام وعلیکم جانی کیسا ہے؟،،،

Posted On Kitab Nagri

عمیر دکان پر بیٹھا حساب کتاب کر رہا تھا جب عامر اسکی دکان پر آتا ہے،،،

وعلیکم اسلام،،آج سورج کہاں سے نکلا ہے بھئی؟،،،

عمیر ہنستے ہوئے اس سے ملتے ساتھ میٹھا سا طنز کرتا ہے،،،

بس جانی کیا کرو آج کل بہت بزی ہو گیا ہو تجھے پتا تو ہے میری بہن کی شادی ہے ابھی بھی میں اسی کا کارڈ دینے آیا تھا تجھے یہ لے،،،

عامر اسے ساری بات بتاتا آخر میں کارڈ دیتا ہے،،،

بہت بہت مبارک ہو یار اللہ تمہاری بہن کو ہمیشہ خوش رکھے،،،

عمیر اسے مبارک باد دیتے ساتھ اسکی بہن کے لیے دعا کرتا ہے،،،

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

آمین اب سن تجھے شادی پر ضرور آنا ہے اور خبر دار جو اکیلا آیا آنٹی اور جیا کو بھی ساتھ لانا ہے ورنہ میں بتا رہا ہو تجھے ہال میں انٹر نہیں ہونے دینا مینے،،،

عامر کی دھمکی پر عمیر ہنس دیتا ہے،،،

دھمکی وہ دے جو سوٹ بھی کرے، تو اور مجھے اندر نہ آنے دے ایسا تو ہونے سے رہا اور دوسری بات میں امی سے کہوں گا اگر وہ آئی تو انشااللہ آجائے گے سب ورنہ مجھ اکیلے کو ہی برداشت کرنا پڑے گا،،،

عمیر شرارت سے کہتا ہے، عامر اور عمیر کافی عرصے سے بہت اچھے دوست ہے عمیر کا اسکے علاوہ اور کوئی دوست نہیں ہے اور نہ اسے کبھی ضرورت پڑی،،،

**********

اسلام وعلیکم امی،،،،

عمیر گھر میں داخل ہوتے سلام کرتا ہے،،،

Posted On Kitab Nagri

وعلیکم اسلام بیٹا آج اتنی جلدی دکان بند کرلی خیریت ؟،،،

اسکی امی اتنی جلدی دکان بند کرنے پر پریشانی سے پوچھتی ہے کیوں کے عمیر بے وجہ کبھی دکان جلدی نہیں بند کرتا،،،

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ آپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔ تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

Posted On Kitab Nagri
whatsapp _ 0335 7500595

جی امی سب خیریت ہے اصل میں عامر آیا تھا آج دکان پر اپنی بہن کی شادی کا کارڈ دینے اور واپسی میں زبردستی مجھے اپنے ساتھ لے گیا تھا کچھ کام وغیرہ میں ہیلپ چاہیے تھی اسلیے جلدی بند کر دیا تھا،،،

اچھا اچھا ماشاءاللہ سکی بیٹیوں کو خیر خیریت سے اپنے گھر کا کر دے اور انکے نصیب اچھے کرے،،،

اسکی ماں بھی دل سے دعا دیتی ہے جس پر عمیر کے ساتھ کمرے سے باہر آتی جیا بھی آمین بول دیتی ہے،،،

اچھا امی وہ عامر بہت فورس کر کے گیا ہے کے آپکو اور جیا کو بھی شادی پر ضرور آنا ہے تو میں نے اس سے کہا ہے کے انشااللہ ہم سب آئے گے،،،

ہاں بچے انشااللہ چلے گے ویسے بھی کبھی انکے گھر والوں سے ملاقات کا موقع نہیں ملا اسی بہانے ملاقات بھی ہو جائیگی،،،

Posted On Kitab Nagri

اپنی ماں کی بات سن عمیر خوش ہو جاتا ہے پر جیا کچھ نہیں کہتی اسے تو ویسے بھی کچھ اچھا نہیں لگ رہا تھا اتنے دن ہو گئے تھے پر ہادی نے کوئی میسج کوئی کال نہیں کی تھی وہ تو جیسے بھول بیٹھا تھا جیا کو اور اسکی ناراضگی کو،،،،

جیا تجھے کیا ہوا ویسے تو شادیوں پر جانے کا سن تو اتنے دن پہلے سے تیاریاں شروع کر دیتی ہے پر آج تیرے چہرے پر خوشی دور دور تک نظر نہیں آ رہی،،،

اسکی ماں جیا کا اترا منہ دیکھ پوچھتی ہے،،،

امی اسکی شادی نہیں ہو رہی نہ اسلیے اسکا منہ اترا ہوا ہے،،

عمیر اسے تنگ کرنے کے لیے کہتا ہے،،،

جی نہیں میرا منہ اسلیے اترا ہے کیوں کے تمہاری شادی نہیں ہو رہی،،،

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

اب کے جیا بھی اسے تنگ کرتی ہے،،،

بس بس اب تم دونوں لڑنا مت شروع کرنا اور عمیر تم کب ہے عامر کی بہن کی شادی؟،،،

انکی ماں دونوں کو لڑنے کی تیاری کرتے دیکھ ٹوکتی آخر میں عمیر سے سوال کرتی ہے،،،

امی کل مہندی ہے اور پرسوں شادی،،،

عمیر انھے بتاتا ہے،،

ٹھیک ہے،، جاؤ جیا بھائی کے لیے کھانا گرم کرو پھر کل کے لیے ڈریس وغیرہ بھی نکال کر رکھنا ورنہ این ٹائیم پر تم پورا گھر سر پر اٹھا لیتی ہو،،،

اسکی ماں اسے کہتی ہے تو جیا بھی اثبات میں سر ہلاتی چلی جاتی ہے،،

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

آج عامر کی بہن کی مہندی تھی سب وہاں آئے ہوئے تھے اور سب بہت انجوئے کر رہے تھے پر ان سب میں جیا اکیلے ایک کونے میں گم سم سی بیٹھی تھی اسے کچھ بھی اچھا نہیں لگ رہا تھا اسنے ہادی کو بہت بار میسجز بھی کیے پر اسکا رپلائے نہیں آیا اسلیے وہ کچھ زیادہ ہی اداس تھی،،

وہ اپنے خیالوں میں کھوئی ہوئی تھی جب بارات کا شور اٹھا سارے لڑکے دولہے کے آگے آگے ڈانس کرتے ہوئے آرھے تھے دولہا نظر ہی نہیں آرہا تھا جیا ایک نظر اٹھے دیکھ اپنی نظریں ہٹا لیتی ہے اسے کسی سے کوئی فرق نہیں پڑھ رہا تھا،،

جیا چندہ یہاں ایسے کیوں بیٹھی ہو چلو اسٹیج پر چلتے ہیں تم عامر کی بہن سے بھی نہیں ملی نہ اس سے مل بھی لو اور مبارک باد بھی دے دینا،،

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

عمیر جیا کو گم سم دیکھ اسکے پاس آکر کہتا ہے تو جیا بھی اسکی خاطر چہرے پر زبردستی کی مسکراہٹ لاتے اسکے ساتھ اسٹیج پر چلی جاتی ہے،،،

Posted On Kitab Nagri

ادھر آؤ جیا اس سے ملو یہ کنزا ہے عامر کی بہن اور کنزا یہ میری بہن ہے جیا،،

عمیر کنزا کے پاس جاتے اسے جیا سے ملواتا ہے،،،

وووتو یہ ہے جیا میڈم،، تم سے مل کر خوشی ہوئی،،،

کنزا جیا کے گلے ملتے کہتی ہے،،

مجھے بھی،،اور شادی کی بہت مبارک ہو اللہ آپکو ہمیشہ خوش رکھے،،،

جیا بھی اس سے ملتے دل سے دعا دیتی ہے،،،

آمین،،ویسے یہ میرا بندا کدھر گیا اس سے بھی ملا دیتی،،

کنزا جیا کی بات پر آمین بولتے اپنے دولہے کو ڈھونڈتی ہے،،،

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

سوری جان ضروری کال آگئی تھی،،

جیا جسکا رخ کنزا کی طرف تھا اپنے پیچھے سے جانی پہچانی آواز سن جلدی سے پیچھے مڑتی ہے پر اپنے سامنے ہادی کو دیکھ اسکے قدم لڑکھڑا جاتے ہیں حیران تو ہادی بھی ہو گیا تھا جیا کو یہاں دیکھ،،،

کوئی بات نہیں آؤ اس سے ملو یہ جیا ہے عمیر بھائی کی بہن اور جیا یہ میرے میاں ہے ہادی،،،

کنزا ان دونوں کو آپس میں تعارف کراتی ہے جس پر جیا بہت مشکل سے اپنے آنسوں روکتی خود کو مظبوط بناتی ہے،،،

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

اس۔۔۔اسلام و علیکم بہت بہت مبارک ہو مسٹر ہادی،،،

جیا بہت ضبط سے کہتی اسٹیج سے نیچے چلی جاتی ہے اور ہادی وہی کھڑا رہ جاتا ہے،،،

*********

Posted On Kitab Nagri

جیا تم اسٹیج سے ایسے کیوں اتر آئی،،،

جیا جو اسٹیج سے اتر کر ایک کونے میں کھڑی رو رہی تھی اپنے پیچھے عمیر کی آواز سن جلدی سے آنسوں صاف کرتی پیچھے مڑتی ہے،،،

بھائی میری طبیعت نہیں ٹھیک بہت عجیب سی فیلنگ ہو رہی ہے پلیز گھر چلے نہ پلیز،،،

جیا اپنے بھائی کے گلے لگے روتے ہوئے کہتی ہے جس پر عمیر پریشانی سے اسکے گرد اپنا بازو پھیلا دیتا ہے،،

اچھا چلتے ہیں میری جان رونا تو بند کر وورنہ تمہارا سارا میک اپ خراب ہو جائیگا اور تم چڑیل لگنے لگو گی،،،

عمیر اسے ہنسانے کے لئے مذاق کرتا ہے پر آج جیا کا دل بہت بری طرح ٹوٹا تھا اسکی ہنسی تو اب کھو گئی تھی،،،

بھا۔۔۔ئی پل۔۔۔پلیز گھ۔۔۔ھر۔۔۔چل،،،،

Posted On Kitab Nagri

جیا اٹک اٹک کر بولتی رونے لگتی ہے عمیر اسکی حالت دیکھتے پریشان ہو جاتا ہے اسلیے اپنی ماں کو فون کر کے باہر آنے کا بول وہ گھر چلے جاتے ہیں،،،گھر آتے ہی جیا اپنے کمرے میں چلی جاتی ہے اور بیڈ پر لیٹ کر رونے لگتی ہے اسکی پوری رات اسی طرح روتے ہوئے ہی گزری تھی اور صبح ہوتے ہی اسکی ماں فروا کو فون کر کے جیا کی طبیعت کا بتاتی ہے تو وہ بھی تھوڑی دیر میں وہاں آجاتی ہے،،،،

آنٹی جیا کہاں ہیں اور کیا ہوا ہے اسے ؟؟،،

فروا گھر آتے ہی جیا کی ماں سے سوال کرتی ہے،،،

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

پتا نہیں بیٹا رات شادی میں گئے تھے وہاں اچانک سے اسنے بولا کے طبیعت ٹھیک نہیں ہے اسلیے ہم گھر آگئے اب رات سے وہ ایسے ہی دروازہ بند کر کے بیٹھی ہے ہم تو بولا بولا کر تھک گئے اب تم بولا کر دیکھ لو،،،،

Posted On Kitab Nagri

جیا کی ماں فروا کو سب بتاتی ہے تو فروا بھی پریشانی سے جیا کے کمرے کا دروازہ بجاتی ہے اور اسکی آواز سن جیا جلدی سے دروازہ کھول کر اسے اندر بلاتی دروازہ واپس بند کر لیتی ہے،،،

جیا یہ کیا حال بنالیا ہے تم نے کیا ہوا ہے تمہیں،،،

فروا اسکی حالت دیکھتے پریشانی سے پوچھتی ہے بکھرے بال سوجھی ہوئی آنکھیں وہ آج بلکل بھی جیا نہیں لگ رہی تھی،،،

جیا بغیر کچھ کہے اسکے گلے لگتی رونے لگتی ہے فروا بھی اسے چپ نہیں کراتی کے پہلے رولے پھر بتا دیگی،،،

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

فر۔۔فروا اسن۔۔۔نے دوک۔۔۔ہ کی۔۔کیا،،،

جیا روتے ہوئے ہی اٹک اٹک پر بولتی ہے،،،

اچھا پہلے چپ کر جاؤ ادھر بیٹھو اور یہ پانی پیو،،،

Posted On Kitab Nagri

فرواا سے بیڈ پر بیٹھاتی پانی دیتی ہے جسے جیاایک ہی سانس میں پی جاتی ہے،،،

اب آرام سے بتاؤ مجھے کیا ہوا،،،

فروا کے سوال پر ایک بار پھر جیا کے آنسوں نکلتے ہے اور روتے روتے ہی وہ ساری بات اسے بتاتی ہے،،،

کیا شادی ؟ایسا کیسے ہو سکتا ہے ہادی ایسا کیسے کر سکتا ہے،،،

فروا بے یقینی سے کہتی ہے،،،

یار مجھ۔۔۔مجھے اپنا سانس رکتا ہوا محسوس ہو رہا ہے،،،

اسلام علیکم

اگر آپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

Posted On Kitab Nagri

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگر آپ ہماری ویب پر اپنا ناول، ناولٹ، افسانہ، کالم، ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595

جیا کے روتے ہوئے کہی بات فروا کو بلکل اچھی نہ لگی،،،

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

یہ تمہاری سزا ہے جیا کے تم نے ایک نہ مُحرم سے محبت کی اسکے ساتھ وقت گزارا بغیر کسی رشتے کے اس سے دن رات فون پر باتیں کی اسکی محبت میں اپنے رب کی محبت بھول گئی اسکی محبت میں اپنے رب کے بنائے حدُودُ توڑ دیے،،،

Posted On Kitab Nagri

فرواا سے آئینہ دکھاتی ہے،،،،

اوراب۔اب بھی تم یہی کر رہی ہو بجائے اس دکھ میں اپنے رب کے آگے رونے کے اس سے معافی مانگنے کے اس سے اپنی تکلیف کم کرنے کی دعائیں کرنے کے تم لوگوں کے سامنے رو کر اپنا تماشا بنا رہی ہو اس لڑکے کی بے وفائی پر رو رہی ہو اس بے وفا کے لیے اپنے وفادار رشتے اپنے ماں اور بھائی کو پریشان کر رہی ہو،،،

یہ کہتے فروا ایک منٹ کو رکتی ہے اور جیا اپنا سانس روکے اسکی باتیں سنتی ہے،،،

مجھے حیرت ہو رہی ہے جیا اگر تمہیں تکلیف تھی تو تم نے اپنی ماں کو بتانے کے بجائے مجھے بتایا؟اگر میں لوگوں کے سامنے تمہارا تماشا بناؤں تو؟کیا اپنی ماں سے زیادہ میں تمہارے لیے قابل ِاعتبار ہو؟تم ایک بار دھوکہ کھا کر بھی نہیں سمجھی کے لوگوں پر اتنا یقین نہیں کرتے وہ کبھی بھی دھوکہ دے سکتے ہیں انھے اپنے راز نہیں بتاتے اگر تمہاری تکلیف کسی کو بتانے سے کم ہوتی ہے تو جا کے اپنے رب سے بات کرو یا اپنی ماں سے باقی لوگ تمہیں ہمیشہ تکلیف ہی دیگے،،،،

Posted On Kitab Nagri

یہ کہتے فرواوہاں سے چلی جاتی ہے جیا کواس وقت اکیلے رہنے کی ضرورت تھی اسے اپنی تکلیف میں اپنے رب سے جڑنے کی ضرورت تھی اسلیے فروا ایک مخلص دوست کی طرح اسے سمجھا کر جاچکی تھی اب آگے سب جیا کے ہاتھ میں تھا کے وہ کسی کی بےوفائی کا روگ پالتی ہے یا اپنے رب کے قریب ہوتی ہے،،،،

********

دو دن ہوگئے تھے ان دو دنوں میں جیا نے بہت کوشش کی کے اپنے آنسوں اس بےوفا کے لیے نہ بہائے پر آنسوں پھر بھی نکل آتے تھے زین کو بھی ہادی کا واٹس ایپ اسٹیٹس دیکھ پتا چل گیا تھا ہادی کی شادی کا اسلیے اسنے جیا سے بات کرنے کی بہت کوشش کی پر وہ کال ہی نہیں اٹھا رہی تھی اسلیے آج زین کو اسکے گھر آنا پڑا تھا،،،

اسلام وعلیکم آنٹی کیسی ہے آپ،،،

زین جیا کے گھر آتے اسکی ماں کو سلام کرتا ہے،،،

وعلیکم اسلام بیٹا کیسے ہو اور آج راستہ کیسے بھول گئے،،،

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

جیا کی ماں اس سے ملتے ہوئے کہتی ہے،،،

بس آنٹی وہ جیا سے تھوڑا کام تھا کال بھی نہیں اٹھا رہی تھی اسلیے گھر آگیا ویسے کہاں ہے وہ،،،

زین انھے بتاتے ساتھ جیا کا پوچھتا ہے،،،

اپنے کمرے میں ہے بیٹا آج کل نکلتی ہی نہیں ہے کمرے سے پتا نہیں کیا ہو گیا ہے تم جا کے مل لو میں کچھ کھانے کے لیے لیکر آتی ہوں،،،

اسکی ماں بول کر چلی جاتی ہے تو زین بھی جیا کے کمرے کی طرف چلا جاتا ہے،،،

جیا میں زین دروازہ کھولو یار مجھے کچھ بات کرنی ہے تم سے،،،

زین دروازہ کھٹکھٹا کر کہتا ہے تو جیا بھی زین کی آواز سن دروازہ کھول کر اسے اندر لے آتی ہے،،،

Posted On Kitab Nagri

یہ کیا حالت بنا رکھی ہے تم نے جیا،،،

زین اسکی حالت دیکھ دکھ سے کہتا ہے،،،

کچھ نہیں یار بس تھوڑی طبیعت خراب تھی،،،

جیا بہانہ بناتی ہے،،،،

مجھ سے مت چھپاؤ جانتا ہوں سب،،،،

زین کے بولنے پر جیا کی آنکھیں نم ہو جاتی ہے،
پتا ہے زین ہم لڑکیاں نہ بہت بیوقوف ہوتی ہے اگر کوئی لڑکا ہم سے محبت کے دعوے کرے ہماری پرواہ کرے ہمیں وقت دے تو ہمیں لگنے لگتا ہے کے وہ بس ہمارا ہے ہم خود کو خوش قسمت تصور کرنے لگتے ہیں،،،

Posted On Kitab Nagri

یہ کہتے وہ ہنس دیتی ہے اسکی ہنسی میں چھپے درد کو زین باخوبی دیکھ سکتا تھا،،

پر اس وقت ہم یہ بھول جاتے ہے کے بغیر رشتے کے محبت کوئی معنی نہیں رکھتی وہ صرف دُکھ دیتی ہے رسوائی دیتی ہے، جب ہم اپنے رب کی بنائی حدوُد کو توڑتے ہے نہ تو ہم خود بھی کہی کے نہیں رہتے ہماری زندگی میں صرف پچھتاوے رہ جاتے ہیں صرف پچھتاوے،،،،

اپنی بات پوری کرتی اب کے وہ پھوٹ پھوٹ کر رونے لگی تھی اپنی کی غلطی پر اپنی بیوقوفی پر جس کی وجہ سے آج وہ اس حال میں تھی پر افسوس اب وقت گزر چکا تھا اور اب اسکی زندگی میں صرف پچھتاوے رہ گئے تھے،،

جیا بس کردو یار پلیز رومت جو ہوا اسے بھول جاؤ اور اپنی زندگی کی ایک نئی شروعات کرو،،،

زین کی بات پر جیا ایک شکوہ کن نظر اس پر ڈالتی ہے،،،

کیا سب اتنا آسان ہے جو میں بھول جاؤ؟،،،

جیا کی بات پر زین اسے دیکھتا ہے،،،

www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

آسان کچھ بھی نہیں ہوتا جیا ہر چیز کو آسان بنانا پڑتا ہے اب دیکھو نہ میں بچپن سے تمہیں پسند کرتا تھا پر تمہیں میں کبھی نظر نہیں آیا تمہیں ہادی کی کچھ دن کی پرواہ کرنا وقت دینا نظر آیا پر میری بچپن سے لیکے آج تک کی پرواہ نظر نہیں آئی جو میں تمہاری کرتا ہے تمہیں اپنا سارا وقت دیتا تھا پر تمہیں کبھی نظر نہیں آیا کچھ تمہیں ہادی کے ساتھ دیکھنا بھی میرے لیے آسان نہیں تھا پر میں نے تمہاری خوشی کے لیے اسکو آسان بنایا تو اب کیا تم ان لوگوں کے لیے اس چیز کو آسان نہیں بنا سکتی جو تم سے سچ میں محبت کرتے ہے؟،،،،

جیا زین کے انکشاف پر حیرت سے اسے دیکھتی ہے،،،

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

ک۔۔کیا مطلب زین ہم صرف اچھے دوست ہے،،،

جیا کی بات پر زین مسکرا دیتا ہے،،،

ہاں ہم اچھے دوست ہے پر کیا اچھے دوست کے ساتھ ساتھ اچھے ہمسفر نہیں بن سکتے؟؟ جواب کی کوئی جلدی نہیں ہے جانتا ہوں تم اس وقت کس حالت میں ہو میں انتظار کر لوگا بس تم ایک بار دل سے سوچنا ضرور،،،

Posted On Kitab Nagri

زین بول کر چلا گیا تھا پیچھے جیا حیرت میں ڈوبی زین کی باتوں کو سوچ رہی تھی کے اسے کبھی زین نظر کیوں نہیں آیا،،،

*******

ایک ہفتہ ہو گیا تھا جیا کو زین سے بات کیے اسنے بہت سوچا زین کے بارے میں اور آخر کار سب کچھ اللہ پر چھوڑ کر اسنے زین کو رشتہ بھیجنے کا بولا تھا جو اسنے دوسرے ہی دن بیج بھی دیا اور سبکی رضامندی سے ان دونوں کا رشتہ پکا ہو گیا،،،

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

مبارک ہو وائف ٹو بی،،،

زین کا میسج پڑھ کر جیا کے چہرے پر مسکراہٹ آجاتی ہے،،،

خیر مبارک ہسبنڈ ٹو بی،،،

جیا بھی اسی انداز میں ریپلائے کرتی ہے جسے پڑھ کر زین بھی مسکرا دیتا ہے آج وہ بہت خوش تھا اسکی محبت آج اسکے نام ہو گئی تھی اور جلدی ہی اسکے پاس ہو گی،،،

Posted On Kitab Nagri

اسی طرح خوشی خوشی وقت گزر گیا جیا بھی سمبھل گئی تھی اور اب وہ زین کے ساتھ خوش تھی زین اسکی اتنی پرواہ کرتا تھا کے وہ ہادی کو بلکل ہی بھول گئی تھی ایسے ہی خیر خیریت سے انکی شادی کا دن بھی آگیا،،،

*********

ریڈ کلر کے لہنگے میں برائیڈل میک اپ کیے وہ بہت ہی پیاری لگ رہی تھی آج زین کو اسکی محبت مل گئی تھی اور جیا کو اسکی قسمت۔آج وہ دونوں ہی خوش اور مُطمئن تھے جیا نے اپنی غلطیوں سے سیکھا اور اپنی قسمت کو قبول کر لیا اب اسکی آگے کی زندگی کیسی ہونی تھی یہ تو رب ہی جانتا ہے،،،،

ختم شدہ

Kitab Nagri
www.kitabnagri.com

Posted On Kitab Nagri

اسلام علیکم

اگرآپ میں لکھنے کی صلاحیت ہے اور آپ اپنا لکھا ہوا دنیا تک پہنچانا چاہتے ہیں۔تو

www.kitabnagri.com آن لائن ویب سائٹ آپ کو پلیٹ فارم فراہم کر رہی ہے۔

اگرآپ ہماری ویب پر اپنا ناول،ناولٹ،افسانہ،کالم،ارٹیکل یا شاعری پوسٹ کروانا چاہتے ہیں تو

ابھی ای میل کریں۔

knofficial9@gmail.com

آپ ہمارے فیس بک پیج اور ای میل کے ذریعے رابطہ کر سکتے ہیں۔

Fb/Pg/Kitab Nagri

knofficial9@gmail.com

whatsapp _ 0335 7500595